نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

موجودہ موسمی حالات کے مطابق فصلات کی دیکھ بھال کیلئے محکمہ زراعت پنجاب کی سفارشات جاری

لاہور:20اپریل2025:(**)** ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق کاشتکار موجودہ موسمی حالات کے پیشِ نظر اپنی فصلوں کا روزانہ معائنہ کرتے رہیں۔ جنوبی پنجاب میں درجہ حرارت معمول سے 6 تا 8 ڈگری سینٹی گریڈ زائد رہنے کی پیش گوئی ہے۔ کاشتکار فصلوں کو گرمی کی شدت سے بچانے کیلئے محکمہ زراعت پنجاب کی سفارشات پر عمل کریں۔ ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ کاشتکار بارش یا آندھی کی صورت میں گندم کی کٹائی و گہائی روک دیں۔ فیلڈ میں موجود فصلوں و سبزیات کی آبپاشی کا وقفہ کم کر دیں۔ اس کے علاوہ آم اور ترشاوہ باغات کی آبپاشی کا درمیانی وقفہ بھی کم کر دیں۔ کپاس کی کاشت کے دوران موسمی پیشین گوئی کو مدِ نظر رکھیں اور کپاس کی اگیتی کاشت کے نگہداشتی اُمور پر خصوصی توجہ دیں۔ کاشتکار زرعی ایڈوائزری سے باخبر رہنے کیلئے محکمہ زراعت کے آفیشل سوشل میڈیا سے منسلک رہیں۔

☆☆☆☆